میرے مضامین

# آغاز کا حوصلہ



مصنف: شہزاد الیاس

# ناشرین: پاور اِن ورڈ منسٹریز

جولائی 2025

پروف ریڈینگ:**آفیہ شہزاد**

288-A Basti Saiden Shah Wazir

Ali Road Upper Mall Lahore Pakistan

www.powerinwordministries.com

https://www.youtube.com/@PowerInWordMinistries/videos

https://www.facebook.com/people/POWER-IN-WORD-Ministries/61551665954998/?mibextid=ZbWKwL

# آغاز کا حوصلہ

اگر آپ کے پاس آغاز کرنے کا حوصلہ ہے، تو پھر یہ طے ہے کہ آپ کے پاس کامیاب ہونے کی صلاحیت بھی ہے۔

ہم میں سے اکثر لوگ خواب دیکھتے ہیں، مقصد بناتے ہیں، مگر جب اُن کی تعبیر کی بات آتی ہے تو پیچھے ہٹ جاتے ہیں۔۔۔ کیوں؟ اس لیے کہ پہلا قدم ہمیشہ سب سے مشکل ہوتا ہے۔ پہلا قدم اِنسان کو اپنے آرام دہ دائرے سے نکالتا ہے، جہاں وہ وقت، سہولت اور سکون کی چادر میں لپٹا ہوتا ہے۔

"کیا مَیں نے تُجھ کو حکم نہیں دِیا؟ سو مضبُوط ہو جا اور حَوصلہ رکھ خَوف نہ کھا اور بے دِل نہ ہو کیونکہ خُداوند تیرا خُدا جہاں جہاں تُو جائے تیرے ساتھ رہے گا۔" یشوع ۱:۹

ہمیں اکثر یوں لگتا ہے کہ ہم ابھی تیار نہیں، یا حالات موافق نہیں، یا ہمیں مکمل علم حاصل ہو جائے تو ہم شروع کریں گے۔ مگر سچ یہ ہے کہ کامیابی صرف اُن کے قدم چومتی ہے جو پہلا قدم بڑھانے کا حوصلہ رکھتے ہیں۔ کیونکہ ابتدا ہی کامیابی کی بنیاد ہے۔ جس دِل میں آغاز کی ہمت بیدار ہو جائے، وہاں کامیابی تک پہنچنے کا جذبہ بھی خود بخود پروان چڑھتا ہے۔

اگر ہم تاریخ کے اوراق کو پلٹیں تو ہمیں بڑے بڑے نام نظر آئیں گے جنہوں نے اپنے وقت میں غیر یقینی حالات، لوگوں کی بے جا تنقید، مذاق اور سختیوں کا سامنا کیا، لیکن اُنہوں نے سفر کا آغاز کیا۔ تھامس

ایڈیسن نے ہزار بار ناکامی کا سامنا کیا، لیکن وہ رُکا نہیں۔ اُس نے کہا۔۔۔
"میں ناکام نہیں ہوا، بلکہ میں نے ایک ہزار ایسے طریقے دریافت کیے جو کام نہیں کرتے۔"

ایڈیسن کی یہ سوچ اُسے اُس مقام تک لے گئی جہاں اُس کی ایجاد نے دُنیا کو روشنی دی۔ اگر وہ پہلی ناکامی پر ہار مان لیتا، تو آج ہم بلب کی روشنی سے محروم ہوتے۔

ایسا ہی کچھ ہم روزمرہ زندگی میں بھی دیکھتے ہیں۔ ایک طالب علم، جو اپنی تعلیمی زندگی میں پیچھے رہ گیا ہے، اگر وہ صرف یہ فیصلہ کرے کہ وہ روز ایک گھنٹہ پوری توجہ سے پڑھے گا، تو یہی چھوٹا سا قدم اُسے کامیابی کی طرف لے جا سکتا ہے۔

یہی اُصول رُوحانی زندگی پر بھی لاگو ہوتا ہے۔ خُدا کے حضور جھکنے کا پہلا لمحہ، جب اِنسان توبہ کی راہ اپناتا ہے، وہی لمحہ اُس کی نجات کی ابتدا بن جاتا ہے۔ بائبل مُقدس ہمیں سکھاتی ہے کہ خُدا اُن لوگوں کے ساتھ ہے جو سچائی سے اُس کے حضور آتے ہیں۔ پہلا قدم خُدا کی طرف ہو تو باقی کا سفر خود خُدا طے کرواتا ہے۔

"اپنے سب کام خُداوند پر چھوڑ دے تو تیرے اِرادے قائِم رہیں گے۔" امثال ۱۶:۳

ادب اور فلسفہ میں بھی آغاز کی اہمیت بارہا بیان ہوئی ہے۔ سقراط نے کہا تھا کہ اگر دُنیا کو بدلنا ہے تو پہلے خود کو بدلنا ہوگا۔ یہ "بدلاؤ" دراصل آغاز کا دوسرا نام ہے۔ کیونکہ آغاز سے ہی تبدیلی کی چنگاری بھڑکتی ہے۔ جس اِنسان کے پاس جینے کی وجہ ہو، وہ ہر طرح کے حالات برداشت کر سکتا ہے۔ اور یہ "وجہ" اکثر اُس وقت سامنے آتی ہے جب ہم پہلی بار قدم اُٹھاتے ہیں۔

**پاؤلو کوہلیؤ کی کتاب الکیمسٹ۔۔۔** میں ایک نوجوان چرواہے سانتیاگو کی کہانی ہمیں سکھاتی ہے کہ خواب صرف دیکھنے سے نہیں، بلکہ اُن کی طرف قدم بڑھانے سے پورے ہوتے ہیں۔ سانتیاگو نے سب کچھ چھوڑ کر ایک خزانے کی تلاش میں سفر شروع کیا۔ اُسے معلوم نہیں تھا کہ وہ کامیاب ہو گا یا نہیں، لیکن اُس نے آغاز کیا، اور یہی اُس کی اصل کامیابی تھی۔ اِنسانی فِطرت ہے کہ وہ آسانی، آرام اور تسلی کو ترجیح دیتا ہے۔ مگر کامیابی اُن کے لیے ہے جو اِن سب چیزوں کو ایک طرف رکھ کر سفر کا آغاز کرتے ہیں۔ راستے میں مشکلات، رُکاوٹیں اور تھکن ضرور ہو گی، لیکن یہ سب اُس کے لیے معمولی لگیں گی جس نے ہمت سے پہلا قدم بڑھا لیا ہو۔

اگر کوئی شخص پہاڑ سر کرنا چاہے، تو اُسے پہلا پتھر عبور کرنا ہو گا۔ اگر کوئی دریا پار کرنا چاہے، تو اُسے پہلا قدم پانی میں رکھنا ہو گا۔ اور اگر کوئی اِنسان اپنی زندگی بدلنا چاہے، تو اُسے پہلا قدم خُدا اور خود پر اعتماد کے ساتھ اُٹھانا ہو گا۔ کامیابی ہمیشہ اُنہی کے قدم چومتی ہے جو دروازے کھلنے کا اِنتظار نہیں کرتے، بلکہ دروازے پر دستک دینے کا حوصلہ رکھتے ہیں۔ اور جب ایک شخص دستک دیتا ہے تو کائنات اُس کی آواز سُن لیتی ہے۔

## نتیجہ

آغاز وہ چنگاری ہے جو عمل کی آگ بھڑکاتی ہے۔ اگر آپ نے پہلا قدم اُٹھا لیا، تو گویا آپ نے اپنی کامیابی کی بنیاد رکھ دی۔ تو دیر نہ کریں۔ آج ہی، ابھی سے، چاہے جتنا بھی چھوٹا ہو ایک قدم اُٹھائیں۔

یاد رکھیں۔۔۔ پہلا قدم، سب سے بڑا قدم ہوتا ہے۔



پادری شہزاد الیاس پاور اِن ورڈ منسٹریز میں پاسبانی خدمت سرانجام دے رہے ہیں۔
اُن کی اہلیہ آفیہ شہزاد اور بیٹا واعظ شہزاد بھی خدمت گزاری کے کام میں اُن کے ساتھ پیش پیش ہیں۔
آپ سے درخواست ہے ہماری چرچ ٹیم کو اپنی دُعاؤں میں یاد رکھیں
تاکہ خُدا کے کلام کی خِدمت خُدا کی مرضی کے مطابق سرانجام دے سکیں۔
اگر آپ کو یہ تحریر پسند آئی ہے تو آپ اِس تحریر کو ڈاؤن لوڈ کر کے اپنی کلیسیا کے اراکین، اپنے بہن بھائیوں
اور اپنے دوست احباب کے ساتھ ضرور شیئر کریں خدا آپ کو برکت دے شکریہ۔